# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت:سوم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:5 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | | سبق کا نام:ہمارے موسم | |
| **مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔ | | | |
| **تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو سوم"، لفظی جیب، تین پر چیاں، مشکل الفاظ کے کارڈ، گتے کا بنا ہوا پہیا | | | |

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں۔ بچوں کو السّلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں سے پوچھیں:
- پاکستان میں کتنے موسم ہیں؟
- آپ کو کون سا موسم اچھا لگتا ہے؟
- بچوں کے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو صفحہ نمبر 63 پر دی گئی تصویر دکھاتے ہوئے سوالات پوچھیں کہ آپ کو کیا نظر آرہا ہے؟ آپ کے خیال میں یہ سبق کس موضوع سے متعلق ہے؟ درست جواب بتانے والے بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار:(20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبق "ہمارے موسم" پڑھیں گے۔
- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔
- کسی خالی ڈبّے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کر لیں۔ اس پر لکھ دیں:"لفظی جیب"۔ سبق میں دیے گئے "تلفظ سیکھیں" الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔

بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھالیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔

جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر با آواز بلند پڑھائیں۔

اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنا دیں۔

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 65 کھلوائیں۔
- اب بچوں کے آٹھ گروہ بنا دیں۔ میز پر گتے کا بنا ہوا ایک پہیا رکھیں، جس پر نو مختلف خانے بنے ہوں، جن میں ایک تا آٹھ نمبر لکھے ہوں۔ کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں اور اسے پہیا گھمانے کے لیے کہیں۔ پہیا جس نمبر پر رکے گا، وہ گروہ کے اسی پیراگراف کی بلند خوانی کرے گا ۔
- جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی، وہ گروہ سبق کے اسی پیراگراف کی بلند خوانی کرے گا۔
- سبق کی بلند خوانی درست تلفظ کے ساتھ پہلے خود کریں۔
- مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔
- اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جو کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔ جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آ رہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔
- علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ مطلوبہ جملے پڑھ لے تو اس کی اصلاح کریں۔ دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے دو گروہ بنا دیں۔ دونوں گروہوں کو سبق میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ اس طرح سے دے دیں کہ دونوں گروہوں کے پاس الفاظ کی تعداد ایک جیسی ہو۔ اب ایک گروہ کارڈ پر لکھا ہوا لفظ پڑھے اور وہ لفظ سبق کے جس جملے میں آیا ہو، اس جملے کی بلند خوانی کرے۔ اس طرح یہ سرگرمی دونوں گروہوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) پڑھایا گیا سبق دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: ہمارے موسم | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو سوم"، چارٹ کے بنے ہوئے مٹر کے دانے، ٹوکری، الفاظ کی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کی چھے ٹیمیں بنا دیں۔ سبق "نئے الفاظ" میں سے کوئی سے چھے الفاظ مختلف رنگوں کی پرچیوں پر لکھ کر ان کے باہر کی جانب 1 تا 6 نمبر لکھ دیں۔
- اب انھیں بند کر کے ایک ٹوکری میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ان پر لکھے ہوئے الفاظ نظر نہ آئیں بلکہ صرف ان پر لکھے ہوئے نمبر نظر آرہے ہوں۔
- اب ہر ٹیم میں سے باری باری ایک بچے کو بلائیں اور اسے ڈبا گھما کر لڈو کے دانے کی طرح لڑھکانے کے لیے کہیں۔ اس ڈبے کی اوپر کی طرف جو نمبر لکھا ہو، بچے سے کہیں کہ وہ ٹوکری میں سے اس نمبر کی پرچی نکال کر کھولے اور اس پر لکھا ہوا لفظ درست تلفظ سے پڑھے اور اس سے متعلق ایک جملہ بولے۔
- درست تلفظ ادا کرنے اور درست جملہ بنانے کے چار نمبر ہوں گے۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی دوسرے الفاظ پر باقی گروہوں سے کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر جس ٹیم کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ یہ جیت جائے گی۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبق سے نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" اور تیسرے میں "جملے" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 40 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "آبی" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔ ا

- سی طرح یہ مشق نئے الفاظ کے تحت دیے گئے باقی الفاظ پر کروائیں، ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔
- اب بچوں سے اس لفظ کا جملہ بھی بتانے کے لیے کہیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جملہ بتانے پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط بتانے کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس کے بعد درست جملہ بورڈ پر جملے والے کالم میں لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔
- اب بچوں کے 4 گروہ بنا دیں۔ چارٹ کے بنے ہوئے 4 مٹر لیں جن کے اندر دو مٹر کے دانے ہوں۔ ایک دانے پر کتاب کے صفحہ نمبر 65 پر دیے گئے الفاظ میں سے ایک لفظ لکھا ہو۔ یہ مٹر ایک ٹوکری میں رکھ کر باری باری ہر گروہ یا جوڑی کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سا بھی مٹر اٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو مٹر آیا ہے، اس پر لکھا ہوا لفظ پڑھیں، مٹر کے باقی دو دانوں یا دانے پر اس لفظ کے معانی لکھیں اور نیچے پھلی میں اس لفظ پر مبنی جملہ لکھیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ یا جوڑی سے باری باری ان کے لکھے ہوئے معانی اور جملے پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ نے درست معانی اور جملے لکھے ہوں گے، انھیں شاباش دیں۔
- ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کر لیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں رنگ برنگ کا کاغذ چڑھا لیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنا دیں۔ سبق میں سے کوئی سے چار سوالات کی پرچیاں بنا کر ڈبے کی اطراف میں بنی ہوئی جیبوں میں ڈال دیں مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے پرچیوں کا رخ اندر کی طرف کر دیں۔
- کسی ایک گروہ میں سے کسی بھی بچے کو بُلائیں اور اسے ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔ پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس جیب سے پرچی نکال کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس بچے کو اس سوال کا جواب دینے کے لیے کہیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر مختلف بچوں سے بھی کروائیں۔ درست جوابات دینے والے بچوں کو شاباش دیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" اور تیسرے میں "جملے" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 65 پر دیے ہوئے الفاظ لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے الفاظ کے معانی اور ان پر مبنی جملے لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) ورک شیٹ حل کر کے لانی ہے۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

دیے گئے الفاظ کے معانی بتائیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| آبی | | اِہتمام | |
| بِھینی بِھینی | | خُنکی | |
| زرِمُبادَلَہ | | شِدّت | |
| نِت نئے | | وَسط | |

سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

۱۔ سردی سے بچنے کے لیے لوگ کن چیزوں کا استعمال کرتے ہیں؟

جواب: ____________________

۲۔ فروری کے آخر میں پاکستان میں کون سا موسم شروع ہوتا ہے؟

جواب: ____________________

۳۔ پاکستان میں پت جھڑ کے موسم میں کیا تبدیلیاں آتی ہیں؟

جواب: ____________________

۴۔ پاکستان کی اہم فصلوں کے نام بتائیں۔

جواب: ____________________

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: ہمارے موسم | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ سوالات کی پرچیاں، کارڈ، ٹوکری

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- سبق کے اعادہ کے لیے کتاب کے صفحہ نمبر 53 پر دیے گئے سوالات کی پرچیاں بنا کر جماعت میں لائیں۔
- جماعت کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی مقرر کریں۔
- اب ایک ٹوکری میں سوالات کی پرچیاں ڈال کر باری باری پانچوں گروہوں کے پاس جائیں اور ان کے لیڈر سے کہیں کہ وہ ان میں سے کوئی بھی ایک پرچی اٹھالیں۔
- پھر ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی پرچیاں کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر باہم مشورے سے دیں۔
- مخصوص وقت کے بعد ہر گروہ کے لیڈر سے کہیں کہ وہ آئے اور اپنی پرچی پر لکھا ہوا سوال اور اس کا جواب باقی بچوں کو پڑھ کر سنائے۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ جس گروہ کے بچے درست جواب لکھیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:**(25منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 65 پر موجود مشق کے سوال نمبر 2 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے دیے گئے سوالات کی پانچ پرچیاں اس طرح سے بنائیں کہ ہر سوال کے سامنے تین تین ڈبے بنے ہوں، جن میں سوالات کے ممکنہ تین تین جوابات لکھے ہوں۔
- بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں ان گروہوں کا ایک ایک لیڈر بھی بنا دیں۔
- ایک ٹوکری میں پانچوں پرچیاں بند کر کے رکھ دیں۔
- اب باری باری یہ ٹوکری تینوں گروہوں کے پاس لے جائیں اور ان کے لیڈروں سے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے ان میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھالیں۔

- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی پرچی کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر سوچیں اور پھر باہم مشورے سے اس کے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر سوال نمبر 2 کے سوالات اور ان کے ممکنہ جوابات سامنے لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی سوال بولیں۔
- جس گروہ کے پاس اس سوال پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا لیڈر آ کر بورڈ پر اس سوال کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔
- جس گروہ کے بچے جلد درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے۔
- اگلی سرگرمی کے لیے بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو مشق کے سوال نمبر 3 میں دیے گئے جملوں کے کارڈ بنا کر دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ پر لکھے ہوئے جملے پڑھیں، اور ان کے غلط اور درست ہونے کی نشان دہی کریں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر وہی جملے لکھ دیں جن کی پرچیاں بچوں کو دی ہوں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلائیں اس سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے جملوں میں دیکھے کہ ان کے پاس کون سا جملہ آیا تھا؟
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی جملوں پر مختلف گروہوں کے بچوں سے کرواتے ہوئے تمام جملے مکمل کروائیں۔
- جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی، اس کو شاباش دیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند جملے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے غلط درست ہونے کی نشان دہی کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | اسباق کے نام: بارش کا موسم،، وطن پیارا پاکستان (دہرائی) | |

**مقاصد:** تمام اسباق کی دہرائی کریں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب، ورک شیٹ۔

**تحریکی سرگرمی:** (3منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ میں دیے گئے الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر تمام اسباق کے الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (3منٹ)

- طلبہ کو بتائیں کہ وہ مندرجہ بالا تمام اسباق کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں تاکہ امتحانات کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- تمام اسباق میں سے سوالات بورڈ پر لکھیں اور طلبہ سے باری باری ان کے جوابات پوچھیں۔
- جن بچوں کی پڑھائی درست نہ ہو ان کی اصلاح کریں۔
- اسی طرح اسباق کے باقی سوالات کی نشان دہی کرتے جائیں اور بچوں کو دہرائی کروائیں۔
- اگر کسی بچے کو پڑھنے میں وقت پیش آ رہی ہو تو اس کی انفرادی طور پر راہ نمائی کریں۔
- آخر میں تمام اسباق کا مکمل اعادہ کروائیں تاکہ بچوں کو تمام نکات کی سمجھ آ جائے۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** (0منٹ) N/A

**جائزہ:** (2منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیے کام کی دہرائی کرنی ہے۔

# ورک شیٹ

30منٹ

(الف) دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| راحت | | بنجر | |
| سرشار | | دُگنی | |
| سرسبز | | مشتمل | |

(ب) دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

بارش برسنے کے بعد ہمارے اِرد گرد کا ماحول کیسا ہوتا ہے؟

______________________________

بارش برسنے پر چرند اور پرند کیا کرتے ہیں؟

______________________________

پاکستان کی کل آبادی اندازاً کتنی ہے؟

______________________________

کشمیر کا علاقہ کس وجہ سے مشہور ہے؟

______________________________

(ج) کالم (الف) کو کالم (ب) سے ملا کر اشعار مکمل کریں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| آیا ہے بارِش کا موسم | رِم جِھم رِم جِھم برسے پانی |
| جنگل جنگل ہے ہریالی | ناچ رہے ہیں یہ مستی میں |
| بارِش کی ہے یہی کہانی | ہوتی ہے اَب خُوب چھما چھم |
| حال بُرا ہے سب کا خُوشی میں | پُھول بھی سارے مہکے مہکے |
| سرسبز و شاداب بغیچے | ہر جانب ہے اَب خُوش حالی |

(د) دیے گئے جملوں میں خط کشیدہ مذکر الفاظ کے مونث لکھ کر مکمل کریں۔

الف مالی پودوں کو پانی دیتا ہے اور ــــــــــــــ پودوں کی دیکھ بھال کرتی ہے۔

ب ابّا جان سبزی لاتے ہیں اور ــــــــــــــ کھانا بناتی ہیں۔

ج راجا بین بجاتا ہے اور ــــــــــــــ گانا گاتی ہے۔

د کبوتر اور ــــــــــــــ پنجرے میں قید ہیں۔

(ز) درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

الف پاکستان کے دارالحکومت کا نام ہے:

(i) راولپنڈی (ii) اسلام آباد (iii) کراچی

ب پاکستان کے صوبے ہیں:

(i) تین (ii) چار (iii) پانچ

ج آبادی کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے:

(i) صوبہ بلوچستان (ii) صوبہ سندھ (iii) صوبہ پنجاب

د قائدِاعظم رَحمَۃُاللہِ عَلَیہِ نے اپنی زندگی کے آخری ایام گزارے:

(i) لاہور میں (ii) پشاور میں (iii) زیارت میں

ہ پاکستان کا گرم ترین شہر ہے:

(i) ملتان (ii) کراچی (iii) جیکب آباد

و درّہ خیبر واقع ہے:

(i) پشاور میں (ii) لاہور میں (iii) کوئٹہ میں

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | جماعت: سوم \| یونٹ: 1 | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 5 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 5 | سبق کا نام: بڑی عید، بڑی قربانی (دہرائی) | |

**مقاصد:** سبق کی دہرائی کریں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کٹز اردو جماعت سوم کی کتاب، ورک شیٹ۔

**تحریکی سرگرمی:** (3 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کرکے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ میں دیے گئے الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر سبق کے الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کرکے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (3 منٹ)

- طلبہ کو بتائیں کہ وہ مندرجہ بالا تمام اسباق کی دہرائی کرنے جارہے ہیں تاکہ امتحانات کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- سبق میں سے سوالات بورڈ پر لکھیں اور طلبہ سے باری باری ان کے جوابات پوچھیں۔
- جن بچوں کی پڑھائی درست نہ ہو ان کی اصلاح کریں۔
- اسی طرح سبق کے باقی سوالات کی نشان دہی کرتے جائیں اور بچوں کو دہرائی کروائیں۔
- اگر کسی بچے کو پڑھنے میں وقت پیش آرہی ہو تو اس کی انفرادی طور پر راہ نمائی کریں۔
- آخر میں تمام سبق کا مکمل اعادہ کروائیں تاکہ بچوں کو تمام نکات کی سمجھ آجائے۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** (0 منٹ) N/A

**جائزہ:** (2 منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیے کام کی دہرائی کرنی ہے۔

# ورک شیٹ

30منٹ

(الف) دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| آزمائش | | آمد آمد | |
| الوداع کرنا | | گزشتہ | |
| لازم | | سوا | |

(ب) دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

علی کے ابا جان نے بکرا کیوں خریدا؟

______________________

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے خواب میں کیا دیکھا؟

______________________

حضرت اسماعیل علیہ السلام نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا خواب سن کر کیا جواب دیا؟

______________________

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جب حضرت اسماعیل علیہ السلام کی گردن پر چھری چلائی تو کیا ہوا؟

______________________

(ج) درست جملے کے سامنے ( ✓ ) اور غلط جملے کے سامنے ( ✗ ) کا نشان لگائیں۔

الف علی کی آنکھ مُرغے کی آواز سے کُھلی۔ ☐

ب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مسلسل تین راتوں تک ایک ہی خواب دیکھا۔ ☐

ج عیدالفطر پر جان وروں کی قُربانی کی جاتی ہے۔ ☐

د اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں کو آزماتا ہے۔ ☐

ہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مینڈھے کو ذَبح کر دیا۔ ☐

(د) دیے گئے الفاظ کے ہم آواز الفاظ معمے میں سے تلاش کر کے دی ہوئی جگہ پر لکھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| کھ | م | و | ڑ | ا |
| و | ر | و | ٹ | ی |
| ل | غ | ء | ے | ر |
| م | ک | ا | ن | ا |
| ڑ | ب | ث | ض | ج |

جول .................... ....................

چوٹی .................... ....................

دُکان .................... ....................

تاج .................... ....................

توڑا .................... ....................

(ز) دیے ہوئے الفاظ میں سے درست اسم معرفہ چن کر دی گئی جگہ پر لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| راوی | دریا | مینارِ پاکستان | قائدِاعظم رَحمَۃُ اللہِ عَلَیہِ |
| لاہور | منگلا ڈیم | لڑکی | پاکِستان |
| فیصل مسجِد | پِنسل | کِتاب | علّامہ محمد اقبال رَحمَۃُ اللہِ عَلَیہِ |

.................... .................... .................... ....................

.................... .................... .................... ....................

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | | سبق کا نام: مفکرِ پاکستان (دہرائی) | |

**مقاصد:** سبق کی دہرائی کریں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب، ورک شیٹ۔

**تحریکی سرگرمی:** (3منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ میں دیے گئے الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر سبق کے الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (3منٹ)

- طلبہ کو بتائیں کہ وہ سبق "مفکرِ پاکستان" کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں تا کہ امتحانات کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- سبق میں سے سوالات بورڈ پر لکھیں اور طلبہ سے باری باری ان کے جوابات پوچھیں۔
- جن بچوں کی پڑھائی درست نہ ہو ان کی اصلاح کریں۔
- اسی طرح سبق کے باقی سوالات کی نشان دہی کرتے جائیں اور بچوں کو دہرائی کروائیں۔
- اگر کسی بچے کو پڑھنے میں وقت پیش آ رہی ہو تو اس کی انفرادی طور پر راہ نمائی کریں۔
- آخر میں تمام سبق کا مکمل اعادہ کروائیں تا کہ بچوں کو تمام نکات کی سمجھ آ جائے۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** (0منٹ) N/A

**جائزہ:** (2منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیے کام کی دہرائی کرنی ہے۔

# ورک شیٹ

30منٹ

(الف) دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| صفت | | اختتام | |
| بیدار کرنا | | خالق حقیقی | |
| مفید | | منعقد ہونا | |

(ب) دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رَحمَۃُ اللہِ عَلَیہ نے اپنی شاعری سے کیا کام لیا؟

---

۱۹۳۰ء میں آل انڈیا مسلم لیگ کا اجلاس کہاں منعقد ہوا؟

---

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رَحمَۃُ اللہِ عَلَیہ کو مفکر پاکستان کیوں کہا جاتا ہے۔

---

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رَحمَۃُ اللہِ عَلَیہ نے کب وفات پائی اور کہاں دفن ہوئے؟

---

(ج) درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

الف ڈاکٹر علّامہ محمد اِقبال رَحمَۃُ اللہِ عَلَیہ کے آبا و اَجداد کا وطن تھا:

i پاکِستان ii بھارت iii کشمیر

ب ڈاکٹر علّامہ محمد اِقبال رَحمَۃُ اللہِ عَلَیہ کو سیال کوٹ میں اُستاد ملے:

i مولوی میر حسن ii مولوی شکیل حسن iii مولوی عدیل حسن

ج ڈاکٹر علّامہ محمد اِقبال رَحمَۃُ اللہِ عَلَیہ نے یورپ سے ڈگری حاصل کی:

i ایم۔فل کی ii پی۔ایچ۔ڈی کی iii ایم۔اے کی

د ڈاکٹر علّامہ محمد اِقبال رَحمَۃُ اللہِ عَلَیہ کی اصل پہچان تھی:

i وکالت سے ii شاعری سے iii ڈگری سے

ہ ڈاکٹر علّامہ محمد اِقبال رَحمَۃُ اللہِ عَلَیہ آل اِنڈیا مُسلم لیگ کے صدر مُنتخب ہُوئے:

i ۱۹۳۱ء میں ii ۱۹۳۲ء میں iii ۱۹۳۰ء میں

و ڈاکٹر علّامہ محمد اِقبال رَحمَۃُ اللہِ عَلَیہ نے الگ وطن کا تصوُّر پیش کیا:

i مسلمانوں کے لیے ii ہندوؤں کے لیے iii سکّھوں کے لیے

(د) درست جملے کے سامنے ( ✓ ) اور غلط جملے کے سامنے ( ✗ ) کا نشان لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| الف | ڈاکٹر علّامہ محمد اِقبال رَحمۃُ اللہِ عَلَیہ نے لاہور سے ایم۔ اے تک تعلیم حاصل کی۔ | ☐ |
| ب | ڈاکٹر علّامہ محمد اِقبال رَحمۃُ اللہِ عَلَیہ ۱۹۰۹ء میں پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری لے کر وطن واپس آئے۔ | ☐ |
| ج | ڈاکٹر علّامہ محمد اِقبال رَحمۃُ اللہِ عَلَیہ مُفکّرِ پاکستان ہیں۔ | ☐ |
| د | ڈاکٹر علّامہ محمد اِقبال رَحمۃُ اللہِ عَلَیہ نے بچّوں کے لیے شاعری نہیں کی۔ | ☐ |
| ہ | ڈاکٹر علّامہ محمد اِقبال رَحمۃُ اللہِ عَلَیہ نے ۱۹۳۸ء میں وفات پائی۔ | ☐ |

(ز) مثال کے مطابق دیے ہوئے طریقے سے عددی ترتیب لکھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مثال: | پندرہ | پندرھواں، پندرھویں، پندرھویں | پچیس | .................... |
| | اَٹھارہ | .................... | اَٹھائیس | .................... |
| | بائیس | .................... | تیس | .................... |